فوری ریلیز کے لیے: 7/9/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ اب نیویارک کے شہری OMICRON سب ویریئنٹس کے خلاف حفاظت کو مضبوط بنانے کے لیے ڈیزائن کردہ COVID-19 کے نئے ویکسین بوسٹرز لگوا سکتے ہیں

12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد کے لیے COVID-19 کے اپ ڈیٹ شدہ بوسٹرز جو دو ماہ قبل کے سابقہ بوسٹر یا اصل سیریز کی تکمیل کرتے ہیں

مختلف ایسے مقامات پر جہاں پہلے ماسک لگانا درکار تھا وہاں اب ماسک لگانا اختیاری ہے، ان میں عوامی ذرائع آمد و رفت، کرایے کی گاڑیاں، ایئر پورٹس، بے گھر افراد کے لیے پناہ گاہیں، اصلاحی سہولت گاہیں، اور حراستی مراکز شامل ہیں

COVID-19 کے اپ ڈیٹ شدہ بوسٹرز پیش کرنے والے قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے نیویارک کے شہری اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، 1-800-232-0233 پر کال کر سکتے ہیں، یا یہاں ملاحظہ کر سکتے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بُوسٹرز کی دستیابی کا اعلان کر دیا ہے، جن کو Omicron BA.4 اور BA.5 ویریئنٹس کو شامل کرنے اور سابقہ ویکسین کے تحفظ کو تقویت پہنچانے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اعلان کے بعد امراض پر قابو پانے اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention) کی جانب سے تجویز پیش کی گئی کہ 12 سال یا اس سے بڑی عمر کے افراد کے لیے Pfizer-BioNTech کی جانب سے اور 18 سال یا اس سے بڑی عمر کے کسی بھی شخص کے لیے Moderna کی جانب سے COVID-19 کی اپ ڈیٹ شدہ بوسٹرز استعمال کیے جائیں۔ گورنر Hochul نے یہ اعلان آج ایسٹ ہارلیم کے بوریکن کے نواحی مرکزِ صحت میں اپنی بوسٹر شاٹ سے کچھ دیر پہلے کیا۔ COVID-19 کا اپ ڈیٹ شدہ بوسٹر لگوانے کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈول کرنے کی خاطر، نیویارک کے شہریوں کو نگہداشتِ صحت کے اپنے معمول کے فراہم کنندہ، مقامی فارمیسی، یا کاؤنٹی کے مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے نیویارک کے شہری vaccines.gov کو بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، یا 1-800-232-0233 پر کال کر سکتے ہیں۔

"چونکہ ہم اپنی تمام زندگیوں پر اس عالمی وبا کے اثرات کا مسلسل مقابلہ کر رہے ہیں، لہٰذا ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے لیے دستیاب ہر وسیلے کو بروئے کار لا رہے ہوں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "عالمی وبا کے تمام عرصے میں، نیویارک کے شہریوں نے ہوشیاری سے کام لیا، ایک دوسرے کی خبر گیری کی، اور وہ اپنی اور اپنے پڑوسیوں کی حفاظت کے لیے اقدامات کرتے رہے ہیں۔ اپنی اور نیویارک کے اپنے ساتھی شہریوں کی حفاظت کے لیے ویکسین لگوانا اور بوسٹر لگوانا ہمارا بہترین شاٹ ہو گا، اور اپ ڈیٹ شدہ بائی ویلنٹ COVID-19 بوسٹر کے لیے سائن اپ کرنے اور اسے لگوانے کی خاطر میں ہر اہل فرد کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں۔"

مزید برآں، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ مختلف مقامات پر جہاں پہلے ماسک لگانا درکار تھا وہاں اب ماسک لگانا اختیاری ہو گا، ان میں عوامی ذرائع آمد و رفت، کرایے کی گاڑیاں، ایئر پورٹس، بے گھر افراد کے لیے پناہ

گاہیں، اصلاحی سہولت گاہیں، اور حراستی مراکز شامل ہیں۔ ریاستی محکمۂ صحت کے زیرِ انتظام بالغان کی نگہداشت اور صحت کی نگہداشت کی سہولت گاہوں میں اور ذہنی صحت کے دفتر (Office of Mental Health)، نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر (Office of Addiction Services and Supports)، اور نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کے دفتر (Office for People With Developmental Disabilities) کے زیرِ انتظام کلینیکل مقامات پر ماسکس لگانے کی ضرورت برقرار رہے گی۔

نیویارک میں فراہم کنندگان کے لیے 30 اگست تک ان نئے بوسٹرز کا پہلے سے آرڈر دینا ممکن تھا، تو گزشتہ ہفتے کے آخر میں پہلے سے آرڈر شدہ خوراکوں کی ترسیل شروع ہو گئی ہے اور کچھ مقامات پر پہلے ہی پہنچ چکی ہے۔ اپ ڈیٹ شدہ بائی ویلنٹ COVID-19 بوسٹر لگوانے کا اہل ہونے کے لیے، افراد کو اپنی اصل ویکسین سیریز لازماً مکمل کر لینی چاہیئے یا کم از کم دو ماہ قبل بوسٹر لگوا لینا چاہیئے۔

صحت کی ریاستی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا، "یہ نایاب کرونا وائرس وقت کے ساتھ تبدیل ہوا ہے، جس میں Omicron سمیت بہت سے نئے ویریئنٹس شامل ہیں۔ ان بائی ویلنٹ بوسٹرز کو گردش کرنے والے ایک مختلف ویرئنٹ کے مطابق پہلی بار تیار کیا گیا ہے۔ میں نیویارک کے تمام اہل شہریوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اس پیش رفت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں، مقامی فارمیسی پر تشریف لے جائیں، یا اپنی کاؤنٹی کے محکمہ صحت کو کال کریں تاکہ ممکنہ طور پر جلد از جلد یہ بوسٹر لگوا سکیں۔"

آنے والے دنوں میں، ریاستی محکمہ صحت، ریاست نیویارک کے ویکسینیشن پروگرام میں اندراج شدہ تمام فراہم کنندگان کے لیے بائی ویلنٹ بوسٹر خوراکوں کے انتظام پر تازہ ترین کلینیکل رہنمائی جاری کرے گا۔ ایسے فراہم کنندگان جو پہلے سے آرڈر کر چکے ہیں اور COVID-19 بائی ویلنٹ بوسٹر خوراکیں وصول کر چکے ہیں، اب وہ خوراک اور ادویات کی وفاقی انتظامیہ (Federal Food and Drug Administration) کی جانب سے ان بوسٹرز کے ہنگامی استعمال کی اجازت اور CDC کی تازہ ترین سفارشات کے مطابق ان کو لگوانے کے عمل کو شروع کرنے کے مجاز ہیں۔

فراہم کنندگان کو یہ بات بھی نوٹ کر لینی چاہیئے کہ تازہ ترین وفاقی رہنمائی کے مطابق، 12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے بوسٹرز کے طور پر استعمال کے لیے مونو ویلنٹ mRNA COVID-19 ویکسینز اب مجاز نہیں رہیں۔ 12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے مونو ویلنٹ Pfizer- BioNTech یا Moderna بوسٹرز لگوانے کے لیے شیڈول شدہ اپائنٹمنٹس کو اس وقت دوبارہ شیڈول کیا جانا چاہیئے جب ان مقامات پر بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسینز دستیاب ہو جائیں۔

آئندہ ہفتوں میں، CDC نے اس توقع کی بھی نشاندہی کی ہے کہ وہ چھوٹے بچوں کے گروپس کے لیے بھی اپ ڈیٹ شدہ COVID-19 بوسٹرز کی سفارش کریں گے۔ اس وقت تک، مونو ویلنٹ mRNA Pfizer COVID-19 ویکسین 5 سے 11 سال کی عمر کے بچوں میں بوسٹر کے طور پر استعمال کے لیے اور تمام پرائمری سیریز کی ویکسینیشنز کے لیے مجاز ہے۔

ریاستی محکمۂ صحت، CDC کی ان سفارشات کا مسلسل اشتراک کر رہا ہے کہ تمام اہل بالغ افراد، نوجوانوں، اور پانچ سال یا اس سے بڑی عمر کے بچوں کو مکمل طور پر ویکسین لگائی جائے اور اہل ہونے پر وہ COVID-19 بوسٹر حاصل کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov 518.474.8418 |